# رنگ و نور

المعروف

# نور دے رنگ

مؤلف عبدالحمید نظامی

مترجم جاوید قمر مولائی



ناشر اکبر بک سیلرز لاہور



Marfat.com

Marfat.com

# رنگ و نور

المعروف

# نور دے رنگ

برقِ تجلّی کوہِ طُور
جلوہ گر نزدیک و دُور
غم ہے شفق تو قوسِ قزح
تیرا تبسّم رنگ و نُور

مؤلف عبدالحمید نظامی
www.nizamipharma.com

مترجم جاوید قمر سولائی

ناشر
اکبر بُک سیلرز
زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور

Marfat.com

111561

سبھے حق لکھاری دے


ناں کتاب ______ رنگ و نور [illegible]

شاعر ______ عبدالحمید نظامی

مترجم ______ جاوید قمر مولائی

پہلا ایڈیشن ______ 01-11-2011

ٹائیٹل 0321-0300-4824580 ______ فرزند علی طاہر

ہدیہ ______ 150/-

الحاج حکیم محمد ابراہیم [illegible] کریم [illegible]

[illegible] بھائی پھیرو، پھول نگر ضلع قصور

[illegible] حکیم محمد وحید الحسن چشتی محمد فرید الحسن نظامی

[illegible] ڈاکٹر محمد [illegible] الحسن [illegible] محمد نوید الحسن نظامی

اکبر بک پبلیشرز

ناشر

اکبر بک سیلرز

زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور


Marfat.com

# نذر عقیدت

سید اسد الحسنین گیلانی ایم اے ایل ایل بی

سید ضیاء الحسن گیلانی ایم اے ایل ایل بی

ہوراں دی خدمت وچ انتہائی عقیدت تے محبت نال پیش کرناں

جے منظور کرن سرکار

حکیم عبدالحمید نظامی

مدینہ پنسار سٹور، مطب نظامی

فیصل مارکیٹ پھول نگر بھائی پھیرو

0333-4255317

Marfat.com

# مشعل بردار عبدالحمید نظامی

پیوندِ افکارِ جامی تو مشعل بردار نظامی

پیر ضیاءِ حسنین، رضاؒ کا تو ہے پیروکار نظامی

میں اپنی تمہیدؔ کا آغاز مشعل بردار عبدالحمید نظامی سے کروں گا جس نے اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلویؒ، مولانا عبدالرحمان جامیؒ، کی نعتیہ مشعل مجھے تھما دی ہے وہ مشعل جس کی روشنی دو عالم پر محیط ہے جس کی روشنی کے مرکز کو علامہ اقبالؒ ان لفظوں میں پکارتے ہیں۔

لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب

گنبدِ آبگینہِ رنگ تیرے محیط میں حباب

(حباب) جس کے بارے میں ساغر صدیقی نے کہا تھا

"فرصتِ یک نفس غنیمت ہے"

زیرِ نظر کتاب "رنگ ونور" المعروف "نور دے رنگ" عبدالحمید نظامی کا نعتیہ مجموعہ کلام ہے عبدالحمید نظامی عاشقِ رسول آل رسول ہے۔ ہوا کچھ یوں کہ نظامی صاحب کی شاعری سے متاثر ہو کر اردو ترجمہ کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو نظامی صاحب نے بخوشی اجازت دیتے ہوئے حوصلہ افزائی فرمائی لیکن اتفاق ایسا ہوا کہ بقولِ علامہ اقبال

تری دعا ہے کہ ہو تیری آرزو پوری

مری دعا ہے تری آرزو بدل جائے

اور ویسا ہی ہوا حالانکہ یہ بات مرے لئے آج بھی حیران کن ہے کہ جس دن میں نے کتاب "رکھاں اگ ورھائی" غزلیہ مجموعہ کلام کا ترجمہ کرنے

Marfat.com

کے لئے کتاب کی طرف ہاتھ بڑھایا تو نظروں نے وہاں دو کتابیں دیکھیں دوسرا مجموعہ کلام نظامی صاحب کا نعتیہ کلام ہے۔جس پر مرے وجدان نے مجھ سے کہا کہ غزل کی بجائے نعت کی کتاب کا اُردو ترجمہ کرو یہ مرا وجدان تھا کہ تائیدِ ایزدی مگر ایک نمایاں بات جو دیکھنے میں آئی وہ یہ کہ نعتیہ کلام کا اردو ترجمہ تقریباً 25 دنوں میں مکمل ہوگیا کلام کی تکمیل کے ساتھ ساتھ روح کی بالیدگی بڑھتی رہی، کبھی ایسا ہوتا کہ جیسا سوچنا ویسا ہو جانا یہی حال نظامی صاحب کی طرف بھی تھا۔ان علامات سے لگتا ہے کہ نظامی صاحب کے کلام اور مرے اردو ترجمہ کی سرکارِ دوعالم حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہ میں منظوری ہوگئی ہے یہ مرے لئے اور عبدالحمید نظامی کے لئے بہت اعزاز کی بات ہے جس پر جتنا خدا کا شکر اور حضور ﷺ کی رحمت پر ناز کیا جائے کم ہے۔آخر میں ان دو اشعار پر اجازت چاہوں گا۔

بے طلب اذن باریابی ہے۔عشق والوں کی کامیابی ہے
سلسلہ آپ کے فقیروں کا۔مصطفائی ہے بوترابی ہے

جاوید قمر مولائی

سگِ عباس کاظمیؒ پتوکی

Marfat.com

# حُسن ترتیب


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حمد باری تعالیٰ | 9 |
| نعت شریف | 11 |
| کرم کی نگاہیں بھی بارگاہیں | 13 |
| نعت گو نعت خواں | 15 |
| سردار نرالے ہین | 17 |
| عجب کیف پرور سرورِ مدینہ | 18 |
| محیط دو عالم بحرِ بے کنارہ | 20 |
| مجھے بھی ہو عطا طوقِ غلامی | 21 |
| گرفتہ عشق میں ہر ذی نفس ہے | 22 |
| دن پڑھتے ہیں نعتیں تیری | 24 |
| عطا ہو وصل کہ عجلت میں دم ہے | 25 |
| شہد سے بڑھ کے تیری گفتگو ہے | 26 |
| ہو پوری وصل کی میری کمی اب | 27 |
| موسیٰ کا پاک نظارہ ہے | 28 |
| خواب میں دیکھ لوں | 29 |
| کرم تاجدارِ حرم ہو | 30 |
| سراج منیرا مدینے کا والی | 32 |
| درد اپنے کہوں لگ کے جالی سے | 33 |
| رب کا ہے تو پیارا | 34 |
| سماں ہے عید میلاد النبی کا | 35 |
| جشنِ عید میلاد مناؤ | 37 |
| صلِ علیٰ کے سہرے گاؤ | 38 |
| نورِ با ہم جدا عرش پر مصطفیٰ | 40 |
| کبھی وہ دن بھی آئے گا | 41 |
| مدینے کے والی مری جان تیری | 42 |
| نبیوں کے سلطانؐ کے صدقے | 43 |
| نظامی سبز گنبد کے نظارے یاد آتے | 45 |
| نظارے سبز گنبد کے | 46 |
| خدا کے عطا رے خزانے تیرے | 47 |
| مُزمّلِ بے شمار تیری | 49 |
| طیبہ میں بلایا آقا نے | 50 |
| مدینے کے راہی مجھے دے دعا ہی | 51 |
| سر یاد کرے دریا دکرے | 52 |
| سلام اُن سے کہنا | 53 |
| عاصیو نہ کرو غم گسار آ گیا | 54 |
| اسماعیلی لہو ابراہیمی دعا | 55 |
| ارضِ حجاز کے | 56 |


Marfat.com

# حُسن ترتیب


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نُورِ عرشِ عُلا رازِ مخفی کھلا | 57 |
| چوم آنکھوں سے اسمِ احمدؐ | 59 |
| کبھی رد کرے نبیؐ نہ | 61 |
| نظر ایاز کرتی ہے | 61 |
| دھڑکتی یادیں | 62 |
| جاگے نصیب میرے | 62 |
| رسائی ان تک نصیب کی ہے | 63 |
| کرم کی دھرتی حرم کی دھرتی | 63 |
| غمِ فرقت کا کافور رہوا | 64 |
| وصال ہوں کہ فراق رنگ ہوں | 64 |
| عاشق دارِ دستور چڑھے | 64 |
| تلوؤں سے لبِ کافور نے پی | 64 |
| خدا ہی تعریف جاں کرے گا | 65 |
| جو خود ہے محتاج بحرِ خوردہ | 65 |
| نظر پہ ظاہر ہے حال تیرا | 66 |
| خدا ہے رازِ قدیم تیرا | 66 |
| الف سے میم ہونا تھا | 66 |
| لذت آشنا کر نہ ڈالے فنا | 67 |
| آنسوؤں میں چھپے | 67 |

| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| انبیاءؑ میں الگ پور کے رنگ ہیں | 67 |
| نظروں سے گرے کو تھام علیؑ | 68 |
| آئینہ روبرو درمیانِ خدا | 70 |
| تو سخی تو غنی لقب والقاب تو | 73 |
| نام لیوا علیؓ کا ولی ہے سنو | 74 |
| یاد حیدر کو میرے نبیؐ نے کیا | 74 |
| بی بی پاک سیدہ فاطمۃ الزہرہ | 75 |
| نبی کا نورِ عین ہے | 76 |
| پاک خاوند علی بیٹی زینب کلی | 77 |
| امام عالی مقام حسین علیہ السلام | 78 |
| حضرت امام حسین علیہ السلام | 79 |
| حضرت سید سخی عباس حسین کاظمی | 81 |
| حضرت سید سخی عباس حسین کاظمی | 82 |
| سہرا داتا علی ہجویریؒ | 83 |
| بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ | 85 |
| فرید کا زر خرید ہوں میں | 85 |
| ماں کی شان | 87 |
| پیر سردار عالم شاہ کی نذر | 89 |
| مجھے گردِ راہ نہ کر کہ میں | 90 |


Marfat.com

# حُسن ترتیب


| | صفحہ نمبر | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| مریض دل کا ہے وید کاغذ | 90 | کرم تیرا سردار عالم کرم ہے | 92 |
| جہاں وسیع و عریض تنہا | 91 | سید سردار عالم شاہ گیلانی | 94 |
| | | شجرہ شریف نسبی | 96 |


Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

ذاتِ کمال ہے تو
جلِ جلال ہے تو

کلِ شیٔ قدیرا
کہ لازوال ہے تو

محبوب ﷺ آئینے میں
اپنی مثال ہے تو

نزدیک شاہ رگ سے
جانِ خیال ہے تو

Marfat.com

آئینہ مصطفیٰ ﷺ تو
رُوئے جمال ہے تُو

رزّاق دو جہاں کا
قاسم کمال ہے تو

آنا سمجھ میں حکمت
تیری محال ہے تو

چاہے جسے اَجل سے
دیتا نکال ہے تو

ہو مہرباں نظامیؔ
پہ ذُوالجلال ہے تو

Marfat.com

# نعت شریف

ساون کے مہینے میں
جاؤں گا مدینے میں

جالی سے بجھی لگ کر
جو آگ تھی سینے میں

مہمان سماں تیرا
اے شاہِ زماں تیرا

آنکھوں کو میری لے چل
جلوہ ہے جہاں تیرا

Marfat.com

مر نہ جاؤں لیے
وصل کی آرزو

کر دیں آقاﷺ مرا
زخم فرقت رفو

آپﷺ حامی بھریں
ہم غلامی کریں

میرے آقاﷺ مری
دور خامی کریں

ذکر مولا ترا
سب نظامی کریں

Marfat.com

# کرم کی نگاہیں سبھی بارگاہیں

کرم کی نگاہیں سبھی بارگاہیں
قدم تیرا راہیں لگاتار چاہیں

تری دھوم اہل عرب میں مچی ہے
محبت کی مہندی عجم میں رچی ہے

تپش ہر نفس میں جہاں تیرے بس میں
اٹھاتا ہے آقا خدا تیری قسمیں

شفیع امتوں کا کہے ابن آدم
ہے وردِ شفاعت ترا اِسم اعظم

Marfat.com

دعا دے رہا ہے تری آنکھ کا نم
صلے میں لہو سے ہوئی کربلا نم

تو آئینہ رب کا نہ باہم جُدا ہے
عمل سے منعکس رضائے خدا ہے

ترا پاک روضہ حرم کا حرم ہے
ترا لمس پرور یہ در محترم ہے

جُہل کو عطا حکمت، و تختِ شاہی
جگایا نگاہوں سے خوابیدہ راہی

نفس میں نظامؔی کرے صد سلامی
ترا نعت گو پیروِ مثلِ جامی

Marfat.com

# نعت گو نعت خواں

نعت گو نعت خواں
پہ کرم جاوداں

چشمِ تر بزمِ جاں
نجمِ دل ارمغاں

تو ازل تا اَبد
ظاہر و باطنی

آئینہ شکل رب
عالمِ گفتنی

Marfat.com

آہٹیں فرش پر
سامع ہے عرش پر

آنسوؤں کے دیئے
امتی کے لیے

آپ ﷺ کا تذکرہ
بندگی کے لیے

ذرہ دھڑ کے سینے تو وہ خورشید ہے
وصل سرورؐ نظامی مری عید ہے

Marfat.com

## سردار نرالے ہیں

ہر دور کے شاہوں کے سرکار نرالے ہیں
نبیوں کے رسولوں کے سردار نرالے ہیں

آنکھوں کی صراحی میں کوثر کی نظر ساقی
میخانہء وحدت کے میخار نرالے ہیں

مانا کے فضیلت ہے مکے کو مدینے کو
پر گُنبدِ خضریٰ کے انوار نرالے ہیں

اے باغِ اِرم گُل سے یہ خار مدینے کے
اک بار نہیں بلکہ سو بار نرالے ہیں

چومے ہیں قدم جس نے سرکارِ مدینہ کے
وہ رستے گلی کوچے بازار نرالے ہیں

غم کیسا بجز کربل کہتا ہے یہی ہر پل
لجپال مرے آقا غمخوار نرالے ہیں

لیٹے ہیں نظامی جو سرکار کے قدموں میں
سرکار دوعالم کے دو یار نرالے ہیں

Marfat.com

## عجب کیف پرور سرورِ مدینہ

عجب کیف پرور سُرورِ مدینہ
مقدر جبیں کا ہے نورِ مدینہ

نظامی مدینے کا ہر ایک ذرہ
تجلی میں خورشید طورِ مدینہ

یہیں پہ فسانہ یہیں پہ حقیقت
یہیں دستِ کاتب سطورِ مدینہ

Marfat.com

پسینہ ندامت کا ہے کہ جبیں پر
گلِ شبنمی ہے حضورِ مدینہ

ملی دل کو ٹھنڈک گیا داغ فرقت
ہُوا عشق پرور شعورِ مدینہ

سہارا ملا بے سہاروں کو جونہی
لگاتا ہے سینے غفورِ مدینہ

اُسی پنجتنؑ کے رُکن کا ہوں میں جو
گیا کربلا کر عبورِ مدینہ

بنے عمر رفتہ کے سب غم مسرت
ہوا جب نظامی ظہورِ مدینہ

Marfat.com

# محیط دو عالم بحر بے کنارہ

محیط دو عالم بحر بے کنارہ
گدا تیرے ذرے کا ہر اک ستارہ

کبھی چاند توڑے کبھی شمس موڑے
کبھی جوڑ چھوڑے ترا اک اشارہ

ترے در پہ سلطاں بطرز فقیراں
ہمیں بیٹھنا جوتیوں میں گوارا

زیارت عطا ہو معافی خطا ہو
کرم بے بہا ہو کہ دل پارہ پارہ

مرا عشق اولادِ حیدر کی ناؤ
مرا ناخدا ہے رسالتؐ کا نعرہ

نظامیؔ پہ رحمت کہ اشکوں میں سنت
ادا عابدیؒ کربلا استعارہ

Marfat.com

# مجھے بھی ہو عطا طوقِ غلامی

مجھے بھی ہو عطا طوقِ غلامیِ یارسول اللہ
ردِ رحمت مرادِ بردوامی یارسول اللہ

دوارہ ہو نظارہ ہو نگاہوں کا سہارا ہو
کہ جس در پر کریں قدسی سلامی یارسول اللہ

ستوں تیری شریعت کے عروجِ آدمیت کے
ہوئے میخوار چاروں یارؓ حامی یارسول اللہ

کہ جیسے آسماں جھک کر زمیں کو چوم لے ویسے
نگاہوں سے میں چوموں نامِ نامی یارسول اللہ

وہاں پہ اسمِ احمدؐ ہے یہاں جسم محمدؐ ہے
نرالا تو ترا اسم گرامی یارسول اللہ

مرے حرفِ پریشاں کو دعا دیں رائیگاں نہ ہو
کہ میں سعدیؒ نہ رومیؒ ہوں نہ جامی یارسول اللہ

عطا ہو وصل کا وہ جام دل سیراب جو کر دے
نگاہِ تشنہ لب طالب نظامی یارسول اللہ

Marfat.com

# گرفتہ عشق میں ہر ذی نفس ہے

گرفتہ عشق میں ہر ذی نفس ہے یارسول اللہ
اسیروں کو تبرک یہ قفس ہے یارسول اللہ

اشارہ جان بخشی کا بلالؓ پاک حبشیؓ کا
رہائی تا غلامی تیرا بس ہے یارسول اللہ

خزانوں کے وہ مالک ہیں کہ سلطانِ ممالک ہیں
وہی جو عشق میں. تیرے لٹے ہیں یارسول اللہ

امر ہے عشق میں میثم جو مر کے زندہ ہے سو ہم
تلاشِ ذات میں اپنی جٹے ہیں یارسول اللہ

نہ سکہ مال نہ ٹکڑی نہ بٹی یارسول اللہ
نہ میں یوسفؑ نہ مرا دام اٹی یارسول اللہ

111561

Marfat.com

تھی پہلو عمل سے میں نظامی ہوں ازل سے میں
بندھی ہے عشق کی آنکھوں پہ پٹی یارسول اللہ

مسلماں کوفی و شامی نہ کافر یارسول اللہ
مدینہ و نجف کا ہوں مسافر یارسول اللہ

مٹا ہوں نہ مٹیں گے میرے آنسو سنت عابدؑ
خزانہ درد کا رکھتا ہوں وافر یارسول اللہ

Marfat.com

# دن پڑھتے ہیں نعتیں تیری

دن پڑھتے ہیں نعتیں تیری
عین عبادت راتیں تیری

عرش منوّر کی چلمن سے
اہلِ دلِ پر گھاتیں تیری

شجر حجر اور ہم جیسے بھی
بت کرتے ہیں باتیں تیری

محو سخن رب تنہا لیکن
حسنؓ حسینؓ ہیں ذاتیں تیری

روضہ جالی بوسہ پرور
لمس ہے یا خیراتیں تیری

رحمت وقت نظامیؔ امت
پر آقاؐ برساتیں تیری

Marfat.com

# عطا ہو وصل کہ عجلت میں دم ہے یارسول اللہ

عطا ہو وصل کہ عجلت میں دم ہے یارسول اللہ
دل لبسمل جدائی آنکھ نم ہے یارسول اللہ

میں دیکھوں سبز گنبد گنبد خضریٰ مجھے دیکھے
ضمیرِ زندگی تیرا حرم ہے یارسول اللہ

سعادت اور پائیں وصل کی میں ہجر کو جھیلوں
نظرانداز ہونے کا بھی غم ہے یارسول اللہ

مدینے سے اگر آئے نظامی لوٹ کر جائے
مسلسل آرزوئے محترم ہے یارسول اللہ

نظر روضے کی متوالی کہ لب چومیں تیری جالی
جبیں کی آرزو تیرا قدم ہے یارسول اللہ

Marfat.com

# شہد سے بڑھ کے تیری گفتگو ہے

شہد سے بڑھ کے تیری گفتگو ہے یارسول اللہ
خدا آئینہ رو ہے اور تو ہے یارسول اللہ

یہاں بھی تو وہاں بھی تو مگر روضہ تیرا دیکھوں
اگرچہ نور تیرا چار سو ہے یارسول اللہ

تری رحمت کا مینہ برسے نہ ساون کو زمیں ترسے
کہ ہر قطرے میں قلزم جو بجُو ہے یارسول اللہ

ترے جیسا نہیں دیکھا کہیں روح الامیںؑ نے بھی
مکینِ لامکاں نے بھی فلک نے بھی زِمیں نے بھی

کیا ہر قلب کو روشن گیا جب عرش پہ محسنؔ
ہٹائی طور کی چلمن جبینِ نازنیں نے بھی

Marfat.com

# ہو پوری وصل کی میری کمی اب

ہو پوری وصل کی میری کمی اب یارسول اللہ
عطا صدقہ عباسِؒ کاظمی اب یارسول اللہ

پیوں زم زم جیوں ہر دم کرم کر دم کہے ہر دم
نکل کے میری آنکھوں سے نمی اب یارسول اللہ

ڈھلی ہے یاد قربت میں بنی ہے نعت فرصت میں
فغاں تخلیق کر کے ہی تھمی اب یارسول اللہ

درودوں کے تحائف ہیں یہی میرے وظائف ہیں
تیری تعریف سے ہے ہمدمی اب یارسول اللہ

پڑھا کلمہ ترِی مٹھی میں تیرا سنگ ریزوں نے
دوعالم کو اطاعت لازمی اب یارسول اللہ

ترے سردار عالم کا نظامؔی نعت گو شاعر
کروں عرض سخن ارشادمی اب یارسول اللہ

Marfat.com

# موسیٰ کا پاک کا نظارہ ہے سرورؐ کا نام سہارا ہے

موسیٰ کا پاک کا نظارہ ہے سرورؐ کا نام سہارا ہے
ہم ہیں سیماب ترے ساقیؐ کوثر کا جام ہمارا ہے

محمودؐ ہے سب کا سرمایہ قرآن میں رب نے فرمایا
جو شافعِ محشر پر آیا احمدؐ کے دل پہ اتارا ہے

پیکر بینا وہ آئینہ کعبہ قوسین بھی تھا ہی نا
اظہر نورِ مظہر مسئلہ بشریت کا حل سارا ہے

بحرِ رحمت نورِ عرش نکتہ محور قدسی فرشی
صفاتِ خدا یا نُورِ ہدیٰ باہم یہ خزانہ سارا ہے

کہتا ہوں نظامی نعت نبیؐ متوجہ ہو گر ذات نبیؐ
دیکھو تو طوافِ خضریٰ میں مصروف زمانہ سارا ہے

ولیل کی زلفوں والے سے ملنے کا بہانہ سارا ہے

Marfat.com

# خواب میں دیکھ لوں

والی دوجہاں کر بہانہ کہ جاں جائے نہ رائیگاں خواب میں دیکھ لوں
صدقہ حسنینؓ کا غوثِ ثقلینؒ کا شکلِ اکبرؓ ترے باب میں دیکھ لوں
فرد ہوں انجمن نہ قبیلہ ہوں میں ڈھونڈتا وصل کا کوئی حیلہ ہوں میں
سنت عابدیؒ تیرا روضہ کبھی چشم پرآب کے آب میں دیکھ لوں
ہجر جاں برلباں جانے سے پہلے ہاں میں تجھے قلب سیماب میں دیکھ لوں

ابر جاں ہر برس کی طرح نہ ترس کھائیں گے وہ ترس وصل کو نہ ترس
بھر ہی دیں گے خوشی سے رسولؐ خدا دامنِ زندگی جیب ہو کہ پرس

عرض منظور ہو دوری ہر دور ہو سامنے روح پرور تیرا نور ہو
کر کرم کہ کہے زیر تعمیر دل سنگ درخشت جاں بندہ مزدور ہو

نعت مجھ سے سنیں دور خامی کریں آرزو دل میں لاکھوں نظامی کریں
دیں زیارت نگاہوں کو خیرات میں ہم سے آقا کبھی ہم کلامی کریں

Marfat.com

## کرم تاجدارِ حرم ہو کہ ایسا مدینہ بُلائے

کرم تاجدارِ حرم ہو کہ ایسا مدینہ بُلائے
مدِینے کے زائر مجھے آ کہیں جا مدینہ بُلائے

کریں میرے آقاؐ مری آس پوری
بجز آلؑ کے نہ کروں جی حضوری

مجھے دیکھ کر رہگزر مسکرائے مدینہ بلائے
ہوئے مولا غربت میں اپنے پرائے مدینہ بُلائے

Marfat.com

حضورِ محبت نیاز آنسوؤں کی کٹے بازوؤں کی
درِیارَ تیرے غرض مند آئے مدینہ بلائے

لپٹنے تری پاک دھرتی سے مولا تری ذات اولیٰ
کہ مجھ سے بھی پہلے چلے میرے سائے مدینہ بلائے

ریاض وحنانہ ستونوں کو چوموں نفل پڑھ کے جھوموں
ترے در کی جالی گلے سے لگائے مدینہ بلائے

کریں میرے ساتھی نظر سے اشارے سنا پیارے پیارے
جو اشعار نعتوں کے تم ساتھ لائے مدینہ بلائے

کبھی میرے آقاؐ مجھے یاد کرلیں تو میلاد کر لیں
نظامی خدا بات میری بنائے مدینہ بلائے

Marfat.com

# سراج منیرا مدینے کا والی

سراج منیرا مدینے کا والی　　مری چشم تر ہے خوشی کی سوالی
زمانے کے مالی تری ڈالی ڈالی　　تری آلؑ نے جو لہو دے کے پالی
ترا یہ مدینہ بہشتی سفینہ　　بہا کربلا میں لہو کا پسینہ
غموں میں مسرت ہے یادِ مدینہ　　تبسم ہے گل کا یا بادِ مدینہ
ترے در کی جالی کو مہتاب چومے　　لبِ آرزو دل نظر خواب چومے
درودوں کا پھل ہے سلام ازل ہے　　سخنؔ پہ ملی آج دادِ مدینہ
تو مہتاب ہاشم بنا نور آدم　　رگ و پئے میں تیرا رہے عشق تا دم
ترا روضہ چشم تصور میں دیکھوں　　تری نعت لکھنا مقدر میں دیکھوں
حضور محبت میں ہوں دست بستہ　　قدم چومتا، گر ترا ہوتا رستہ
الم نشرح سینا ترا پاک جینا　　گدا گر ہے خوشبو سخی ہے پسینہ
نہیں کوئی تجھ سا اے ماہِ مدینہ　　کرم ہو یتیموں پہ شاہؐ مدینہ
کرو ختم دوری کہ ہو چاہ پوری　　نظامی مسافر تری راہ نوری

Marfat.com

# دردا پنے کہوں لگ کے جالی سے میں

دردا پنے کہوں لگ کے جالی سے میں ۔ مانگتا ہی رہوں لگ کے جالی سے میں
فکر خیرات ہو نت نئی نعت ہو ۔ تیرے میلاد میں آل کی بات ہو
راہ میں دیدہ و دل بچھاؤں ترے ۔ واری جاؤں ترے گیت گاؤں ترے
واہ تیری سنوں لگ کے جالی سے میں
آنکھ کاسہ مِرا دل پیاسا مرا ۔ بھر گیا دل غموں سے نواسہ ترا
یا نبی روتا ہوں لگ کے جالی سے میں
لا مکاں کے مکیں عرش تلوہ نشیں ۔ سنگ در خم جبیں چاند زیرِ نگیں
تیرا ہی دم بھروں لگ کے جالی سے میں
حاجیوں کا سفر من میں مدو جزر ۔ چاند سے دور آبِ بحر کس قدر
قرب حاصل کروں لگ کے جالی سے میں
بارش نور ہے جلوہ گر طور ہے ۔ ہر گنہہ گار رحمت کا مشکور ہے
بے عمل ہوں ڈروں لگ کے جالی سے میں
قاصدِ مصطفیٰؐ خط نہ پڑھ کے تھکوں ۔ جاگی قسمت کہ اب نیند میں نہ کھپوں
تیری مالا جپوں لگ کے جالی سے میں

Marfat.com

# رب کا ہے تو پیارا

رب کا ہے تو پیارا سو نام سے پکارا
شاہ و گدا نے مانگا ہے اسم کا سہارا
اے صاحبِ غریباں میری سنو خدارا
خم ہے جبین قسمت چمکائے در ستارہ

شمس الضحیٰ کا چہرہ نور ہدیٰ کا چہرہ
یٰسین ہے طٰہٰ آئینہ کہے آہا
تو ہے چراغ روشن طارق گواہ شاہا

مختارِ کل پیا تو سردارِ انبیاء تو
بخشش میں امتوں کی امید کا دیا تو

اونچا مقام تیرا کوثر ہے جام تیرا
میں بھی مدینے جاؤں نعتیں تجھے سناؤں
دوری نہیں گوارا میری سنو خدارا

Marfat.com

# سماں ہے عید میلاد النبیؐ کا

سماں ہے عید میلاد النبیؐ کا
یہی حل ہے میری تشنہ لبی کا
بلند و پست ہے یکساں
ہوائے مست ہے رقصاں
لگے خوشیوں کے ہیں میلے
فضا میں نور کے ریلے

مہرباں ہے خدا منگتو
کہ جو مانگے وہی لے لے
تجھے ہر رنگ میں دیکھوں
امن میں جنگ میں دیکھوں
ترا منگتا اجالا ہے
تو ایسے نور والا ہے
امام انبیاء ہے تو
ترا رتبہ نرالا ہے
دل بلبل ہے نغمہ زن
خزاں نا آشنا گل بن

Marfat.com

پتہ پتہ ہنسے گل میں خوشبو بسے
جسم ابلیس کو رسن رمضاں کسے

صل علیٰ کے نعرے خلقت لگا رہی ہے
سویا ہوا مقدر قسمت جگا رہی ہے

ہستی تری نرالی اے دو جہاں کے والی
احمدؐ کا روزِ محشر امت بنی سوالی

دل آہنگ میں دیکھوں دھڑکتے چنگ میں دیکھوں

الگ تیری ہستی وجد کیف مستی
مرے من میں تیرے خیالوں کی بستی

وہ کھولے اگر لب کرے دل شکر لب
رگ و پئے میں تو ہے کہ دل باوضو ہے
لبا لب نظر سے مرا ہر سبُو ہے

Marfat.com

# جشنِ عید میلاد مناؤ

جشنِ عید میلاد مناؤ — صل علیٰ کے سہرے گاؤ
محبوبؐ رب آیا آؤ
کہہ دے نبیؐ سا اور نہ کوئی — عہد نبیؐ سا دور نہ کوئی
ہم جیسوں کو سینے لگایا — شاہ و گدا کا مان بڑھایا
ابرِ رحمت چھایا آؤ — محبوبؐ رب آیا آؤ
نور نبیؐ آدمؑ سے پہلے — اول ہے خاتم سے پہلے
گرد طوافی محور گھومیں — قدسی روضہ جالی چومیں
ماہ و نجم میں تیری دھومیں — شمس کہے قدموں میں ہوں میں
مومن کا سرمایہ آؤ — محبوبؐ رب آیا آؤ
نورِ نبیؐ آدمؑ سے پہلے — اول ہے خاتم سے پہلے
آقاؐ تیرا قطب ستارہ — جبرائیل کے دم سے پہلے
آیا قطب ستارہ آؤ — محبوبؐ رب آیا آؤ
جانِ نظر متبسم رونے — غم کو مسرت بخشی تو نے
دو عالم کے شاہا تیرے — شاہی لگی قدموں کو چھونے
غیروں سے بھی شفقت برتی — غربت جس کا دم ہے بھرتی
عبداللہؓ کا جایا آؤ — محبوبؐ رب آیا آؤ
لے کے نظامی جھولی خالی — شاہ کھڑے ہیں بن کے سوالی
شاہ و گدا پہ رحمت کرتا — آیا دو عالم کا والیؐ

Marfat.com

## صل علیٰ کے سہرے گاؤ جشن عید میلاد مناؤ

صل علیٰ کے سہرے گاؤ جشن عید میلاد مناؤ
کملی والا آیا آؤ جشن مناؤ

بارہ ربیع الاول کا دن خوشیوں والا
عبدالمطلب کے گھر آیا نور اُجالا

ماہ منوّر نبی سرورؐ جس کے در سے
مانگنے آیا صدیوں پہلے طور اُجالا

مشتِ نبی میں کلمہ پڑھنے والے پتھر
کرنے والا دل کی ظلمت دور اُجالا

Marfat.com

آتش کدہ بھی سرد ہے کسریٰ بھی گرد ہے
ضربِ ظہورِ مصطفیٰ حیران کرد ہے

عرش فرش پہ جبرائیلؑ نے جھنڈے بانٹے
سارا سال خدا نے جگ میں بیٹے بانٹے

دی انبیاء نے آمنہ بی بی کو مبارک
حوروں نے کہا بھیجا ہمیں اللہ تبارک

جھکے ہیں ادب سے شجر بھی حجر بھی
تو آئینہ نورِ خدا بھی بشر بھی

نظامیؔ ترا وصل کی بھیک مانگے
یہاں بھی وہاں بھی اِدھر بھی اُدھر بھی

Marfat.com

# نورِ باہم جدا عرش پر مصطفیٰؐ

نورِ باہم جدا عرش پر مصطفیٰؐ
منتظر ہے خدا عرش پر مصطفیٰؐ
بھیجا جبریلؑ کو نورِ قندیل کو
لب ہے کافور کا نیند میں چھو کے پا
جا کے انؐ کو جگا یہ خداؑ نے کہا
منتظر ہے خدا عرش پر مصطفیٰؐ

دیکھ رب کی لگن مصطفیٰؐ کی پھبن
نوشہ براق پر سدرہ مشتاق ہے
نور محو سفر ساتھ میں طاق ہے
قربت مصطفیٰؐ رشک عشاق ہے

سدرہ سے مصطفیٰؐ جانب عرش آ
ساتھ نعلین کے عرش پر رکھ کے پا
آئینہ رو کہے آئینہ آئینہ
کعبہ قوسین بھی محو حمد و ثناء

رحمت دو جہاں بخشا امت کو ہاں
شافعی حشر سے عہد ہے جاوداں
باطن و ظاہری اول و آخری
میر مجلس ہے شمع ہے تو بے دھواں
اقصیٰ ہے محو صد احترام نبیؐ
مقتدی انبیاء تو امام نبیؐ

Marfat.com

# کبھی وہ دن بھی آئے گا

کبھی وہ دن بھی آئے گا مدینے میں بھی جاؤں گا
درِ سرکار پہ جا کے خوشی میں بھی مناؤں گا

میرے بھی نام آئے گا کوئی نامہ مدینے سے
میں نامہ بر سے لے کے وہ جہاں بھر کو دکھاؤں گا

عجم کر رشک جھومیں گے کہ عارض اشک چومیں گے
سنہری نوری جالی سے میں جب آنکھیں لگاؤں گا

جہاں دل بات کرتے ہوں کہ آنسو نعت کہتے ہوں
وہاں کیسے زباں سے میں انہیں نعتیں سناؤں گا

کہیں چشم زدن کا فاصلہ نہ بیچ میں آئے
پس جالی ترے روضے سے نہ نظریں ہٹاؤں گا

نہیں تابِ سخن میری اگر بہ جنبش ابرو
نظامی حال پوچھا تو انہیں کیسے بتاؤں گا

Marfat.com

# مدینے کے والی مری جان تیری

مدینے کے والی مری جان تیری　　تمام انبیاء میں الگ شان تیری

تری نذر اہلِ حرم نعت کرتے　　تھکیں نہ کبھی ہم تری بات کرتے
درودوں کی نعمت رواں ابر رحمت　　گزر جائے نہ یاد برسات کرتے
محبت چڑھے آقا پروان تیری　　تمام انبیاء میں الگ شان تیری

مرا اسم شیریں ہے وردِ محمدؐ　　طوافِ محبت ہے گردِ محمدؐ
فراق نبیؐ میں خدا شکلِ اکبرؓ　　حسینؓ ابن حیدرؓ کو پھر دے محمدؐ
ثناء آقا کرتا ہے قرآن تیری　　تمام انبیاء میں الگ شان تیری

چھٹے ابر غم کے ترے دم قدم سے　　ملی ہر مسرت ترے ہی کرم سے
ترے ہی اجالے مرے کملی والے　　کہ وابستہ صبح ہے تیرے حرم سے
سفر ابن آدم کا پہچان تیری　　کہ مرہون منت ہے انسان تیری

تیرا نور آدم کی پیشانی میں ہے　　ہوا حکم سجدہ مہربانی میں ہے
کرم ہو یتیموں کے والی کرم ہو　　کہ ہر آج مسکیں پریشانی میں ہے
کہ امت رعایا ہے سلطان تیری　　تمام انبیاء میں الگ شان تیری

Marfat.com

# نبیوں کے سلطانؐ کے صدقے

نبیوں کے سلطانؐ کے صدقے　　امت پر احسان کے صدقے
عرش معلیٰ جانے والے　　تیری اونچی شان کے صدقے
کاسہ لیس مقدر بھر دے　　آل کا صدقہ جان در دے

وار رہا ہے کب سے آنسو　　دل کو اجرِ چشم تر دے
جاؤں تیرے دان کے صدقے　　امت پر احسان کے صدقے

موسیٰ غش میں طور سراپا　　تو آئینہ نور سراپا
تیرا ہی عالم میں جلوہ　　ہائے قرب و دور سراپا

Marfat.com

قندیل ایمان کے صدقے　　نبیوں کے سلطان کے صدقے
حق گو حق خوانِ حق قرآں　　چپ ہے حسب سابق قرآں
پا کے شہادت کرتا تلاوت　　نوکِ سناں پہ ناطق قرآں
قرآں جانِ جان کے صدقے　　نبیوں کے سلطانؐ کے صدقے

نبیؐ بھی بھیجیں سلام جس پر　　درود رب کا کلام جس پر
یہ آ رہا ہے وہ جا رہا ہے　　خدا کا قاصد غلام جس پر
اہل درد زبان کے صدقے　　نبیوں کے سلطان کے صدقے

رحم و کرم کی بارش ہم پر　　برسے مسرت اہل غم پر
خود کو بہشتی کہہ سکتے ہیں　　شافعیٔ عالم تیرے دم پر
امت پر احسان کے صدقے　　نبیوں کے سلطانؐ کے صدقے
قبر منور ہو جائے گی　　جب آئیں گے آقاؐ میرے
میرا ہے یہ میرا نظامی　　فرمائیں گے آقاؐ میرے
آقاؐ کے فرمان کے صدقے　　نبیوں کے سلطانؐ کے صدقے

Marfat.com

# نظامی سبز گنبد کے نظارے یاد آتے ہیں

نظامی سبز گنبد کے نظارے یاد آتے ہیں
جہانِ بے توازن کے سہارے یاد آتے ہیں

سمندر نور کا جلوؤں کے دھارے یاد آتے ہیں
دلوں کے آنسوؤں میں ڈھلتے پارے یاد آتے ہیں

سنیں آقاؐ مری بولی بھریں ہر نین کی جھولی
مہر بہ لب ادب کے سب قرینے یاد آتے ہیں

کریں ہر آرزو پوری مٹے فرقت میں ہر دوری
ترے انوار کی بارش مہینے یاد آتے ہیں

علاجِ دُوری کرتے ہیں سلامی نُوری کرتے ہیں
دیارِ نور کی منزل سفینے یاد آتے ہیں

ترے دربار میں جا کر مرادیں پوری کرتے ہیں
تحائف جو دیئے میرے نبیؐ نے یاد آتے ہیں

Marfat.com

# نظارے سبز گنبد کے

نظارے سبز گنبد کے منارے سبز گنبد کے
اتر آتے ہیں آنکھوں میں ستارے سبز گنبد کے
صدف دے جائیں گے موتی یہ دھارے سبز گنبد کے

کہیں عرضی پسِ جالی سوالی سبز گنبد کے
ملے صدقہ محمدؐ کا ائے والی سبز گنبد کے

مٹے فرقت ملے قربت مکینِ سبز گنبد سے
سنیں احمدؐ ملیں بے حد خزینے سبز گنبد سے
دلوں کے ہو گئے روشن مدینے سبز گنبد سے

تو سُلطاں میں رعایا ہوں ترے روضے پہ آیا ہوں
سلگتا یاد میں تیری چراغ درد لایا ہوں

نوازش وصل کی کر دے فراقی جھولیاں بھر دے

ابھرتے ڈوبتے عاشق کنارے سبز گنبد کے
نظامی کو ملیں پھر سے نظارے سبز گنبد کے

Marfat.com

# خدا کے سارے خزانے تیرے

خدا کے سارے خزانے تیرے
امامؑ تیرے زمانے تیرے
حبیبؐ سرور جہان پرور
جبین و در آستانے تیرے

دراز زلفوں میں بل رہے ہیں
ترے ہی ٹکڑوں پہ پل رہے ہیں
بس اک جھلک مصطفیٰؐ خدارا
دلوں کے پارے مچل رہے ہیں

Marfat.com

مقام محمودؐ پر کھڑا ہے
خدا کے قرآن میں پڑھا ہے
چراغ سورج کہ جبل رحمت
پہ آج شمس الضحیٰ چڑھا ہے

ہر سو رحمت کے سائے ہیں
رحمتِ عالم جو آئے ہیں
قبر میں احمدؐ جب آئیں گے
صل علیٰ پڑھتا پائیں گے

میرا نظامیؔ دیوانہ ہے
رحمتِ عالم فرمائیں گے

Marfat.com

# مُزمّلِ بے شمار تیری

مُزمّلِ بے شمار تیری بہار پرور بہار تیری
امام نبیوںؐ کے مقتدی ہے قطار اندر قطار تیری
ضیائے رخ پہ دراز گیسو بنائے لیل و نہار تیری

نبیؐ کی مسجد کا مٹی گارا نظامی جسمِ طہور ہوتا
میں چومتا لمس جان پرور سراپا کیف و سرُور ہوتا
مری بھی مجبوری دور ہوتی مجھے بھی فیضان نور ہوتا
بُلاتے آقاؐ مجھے مدینہ مہرباں ربِ غفور ہوتا
غریب ہو یا کہ بخت شاہی ملی ہے خیرات بارگاہی

Marfat.com

# طیبہ میں بلایا آقاؐ نے

طیبہ میں بلایا آقاؐ نے قربت میں بٹھایا آقاؐ نے
محبوبؐ کرم دیدار حرم حج بھی کروایا آقاؐ نے

طیبہ کی طرف چلیے مہکے ہوئے رستے ہیں
موسم ہے زیارت کا گل دیکھ کے ہنستے ہیں

طیبہ کا سفینہ ہے ہر اشک نگینہ ہے
دھڑکن ہے قصیدہ گو دل نعت کا سینہ ہے
میں راہ میں دل پہنچا پہلے سے مدینہ ہے
آنکھوں میں پسِ جالی جلووں کا خزینہ ہے

انساں نوری ناری اک جم غفیراں ہے
شاہوں کا ترے در پر انداز فقیراں ہے

ہر بارِ ندامت کو رحمت سے ہٹایا ہے
آقاؐ نے نظاؔمی کو سینے سے لگایا ہے

Marfat.com

# مدینے کے راہی مجھے دے دعا ہی

مدینے کے راہی مجھے دے دعا ہی
دل مضطرب کے ہیں آنسو گواہی

درِ سنگ پر آس ہے کہ جتاء ہے
کہوں کیا جو، اب حال تیرے بنا ہے
نہیں ہے افاقہ سنیں میرے آقاؐ
جدائی کے دن شب ستارہ گنا ہے
نظامی کرے کیا مری بے نواہی
مدینے کے راہی مجھے دے دعا ہی

گریباں جنوں کا جگر بے رفو ہے
ابھی چشم ارماں کا خالی سبو ہے
صبا چومتی در نمازی گل تر
درِ مصطفیٰؐ پہ سوالی وضو ہے
سنیں وہ خدارا کوئی واسطہ ہی
مدینہ ہے منزل ملے راستہ ہی

مری کیا خطا ہے جو فرقت عطا ہے
علاج تمنا مجھے کیا پتہ ہے
یہ برساتی آنسو کرم مانگتا ہے
حرم سے حرم کا حرم مانگتا ہے
نہیں کوئی چارہ ترے ماسواہی
دل مضطرب کی ہے آنسو گواہی

مری آنکھ تسبیح کرتی رہے گی
ستاروں سے آنگن کو بھرتی رہے گی
رواں ابرِ رحمت کو اذنِ کرم دے
کہاں تک ترستی یہ دھرتی رہے گی
ہوا جرم ثابت نہ مجرم بنا ہی
کرم کر گئی رحمتِ بے پناہی
مری چاہتِ دید پوری ہوئی ہے
ہلالِ نظر عید پوری ہوئی ہے

Marfat.com

# سر یاد کرے در یاد کرے

سر یاد کرے در یاد کرے آقاؐ چشمِ تر یاد کرے
خاکِ طیبہ جالی چوموں دہلیز قدم والی چوموں
بڑھتا جائے دل کا گھاؤ گرداب میں ہوں آقاؐ آؤ
ناؤ کا مقدر یاد کرے
آقاؐ تیرا روضہ دیکھوں طیبہ گنبد خضریٰ دیکھوں
سرکارؐ کو بے نَد یاد کرے
قصیدوں پہ طعنے عقیدوں پہ طعنے
ملے ہیں بہت سے گِلے ہیں بہت سے
اسی آس پر ہوں بہار نظر ہوں
مدینے کے راہی ترا ہم سفر ہوں
ترے آستاں پر کئی ہو کے آئے
لگے پاؤں چھونے مرے رو کے سائے
رہِ شام عابدؒ اسیراں کا سگ ہوں
نظامی ہوں اولادِ میراں کا سگ ہوں

Marfat.com

# سلام اُن سے کہنا ارے جانے والے

سلام اُن سے کہنا ارے جانے والے ۔ مِرا خالی دامن بھرے جانے والے
انہیں جا کے کہنا ترا جو بھی ہے نا کرے آہ وزاری کرے، جانے والے

کرم بارگاہی بنا آب ماہی کرے چارہ گر بے قراری کا چارہ
بدن سوختہ ہے جگر کوفتہ ہے لڑی آنسوؤں کی ہے دل پارہ پارہ
غموں کا مداوہ نظامی بُلاوہ مرا کون ہے اب تمہارے علاوہ
دکھائے جھلک وہ زمیں تا فلک وہ کھلاؤں مٹھائی ہو جن یا ملک وہ

Marfat.com

# عاصیو نہ کرو غم گسار آ گیا

عاصیو نہ کرو غم گسار آ گیا     مصطفیٰؐ بن کے جانِ بہار آ گیا
جس کے آنے سے آتش کدے بُجھ گئے     بے قراروں کے دل کو قرار آ گیا

عیدِ میلاد ہے ہر کوئی شاد ہے     وہ بھی خوش جو ابھی بعد در بعد ہے
سر پہ تاج شفاعت ہمارے ہے     ظلمتوں میں صباحت ہمارے لیے
قلب سیماب راحت ہمارے لیے     مخزنِ نور ساعت ہمارے لیے
کرتا ہر سو کرم تاجدار آ گیا     عاصیو نہ کرو غم گسار آ گیا

یہ جو قرآن ہے رب کا فرمان ہے     سب کا مختار کل میرا ذیشان ہے
دوزخی جنتی کفر و ایمان ہے     اور حب علیؓ اس کی میزان ہے

اونچا شملہ نبوت کا سر پہ ترے     لے کے امت نبیؐ آئے در پہ ترے
رحم کا سائباں حشر کا ہے سماں     آ شفیعِ زماں منتظر ہے جہاں
کرنے رحمت بحر بے کنار آ گیا     مصطفیٰؐ بن کے جانِ بہار آ گیا

Marfat.com

# اسماعیلی لہو ابراہیمی دعا

اسماعیلی لہو ابراہیمی دعا
والئ دو جہاں کوئی تجھ سا کہاں
تو قدم رنجہ عرش علا پہ ہوا
تو وہ مہمان جس کا خدا میزباں
مرتضیٰ احمدِ مجتبیٰ مصطفیٰؐ
تو ہے سلطان سلطانوں کا جانِ جاں

قلبِ محزون کو تو نے مسکان دی
بے سہاروں یتیموں کو پہچان دی
تو نے طبقات کو مسترد کر دیا
ڈال مردہ تمدن میں پھر جان دی

تو ہے بانی نظامِ مساوات کا
شکریہ دست بستہ عنایات کا

آپؐ نے ہر خطا سے کیا درگزر
ہے عطا آپؐ کی منزل و رہگزر

لاج رکھنا مری آپؐ پر مان ہے
جلسہ نوری علم عشق قربان ہے
تیرے میلاد میں عالم شاد میں
دل کی دھڑکن قصیدۂ ذیشان ہے

روضہ جانِ حرم ہے ترا ساقیاؐ
منظرِ محترم ہے تیرا ساقیا
تن پہ احرام ہے وصل کا جام ہے
ہر بشر پہ کرم ہے تیرا ساقیاؐ

Marfat.com

# ارضِ حجاز کے

ارضِ حجاز کے راہیو زائرو
نکتہ پرور نبیؐ کے حسیں دائرو

کہنا ان کے تئیں در کو ترسے جبیں
مجھ سے صَرفِ نظر کیا میں ان کا نہیں
مستحق ہوں مجھے وصل کی بھیک دے
جلوہ گاہِ نظر دور و نزدیک دے

مادرِ کہکشاں چشم لبریز ہے
آہِ فرقت ابھی صبر آمیز ہے

محوِ فریاد ہوں غم گسارِ ازل
ہجر میں زندگی انتظارِ اجل

سب کے رُوحِ رواں تو کہاں میں کہاں
تیرے مرہون ہے ہر جبیں آستاں
میں نظامی تیرا زور ہے کیا مِرا
آرزو ہے کہوں حالِ دل مصطفیٰؐ

Marfat.com

# نُورِ عرشِ عُلا رازِ مخفی کُھلا

نُورِ عرشِ عُلا رازِ مخفی کُھلا
نُور انوار کے آئینے میں دُھلا

حُسنِ تخلیق پر اپنی تفریق پر
خالقِ دو جہاں ہو کے مسحور ہاں

پر توے جاوداں جائے قربانِ جاں
نوریوں نے کہا خالقِ بے بہا

آدمی نہ بنا شرؔ تکبرؔ انا
جلدبازی میں گویا گیا ہے جنا

Marfat.com

امن سے بے بہر جنگ سے آشنا
آپ اپنے لیے خود ہے دارِفنا

تم نہیں جانتے سن کے رب نے کہا
میں محمدؐ کو بھیجوں گا بعد انبیاء

سامنے جس کے سورج لگے گا دیا

قدسیو مومنو رب کا فرمان ہے
کرنا خود پہ درودوں کا احسان ہے
پڑھتا رب بھی درودوں کو ہر آن ہے
صدقے محبوبؐ بخشوں گا فرمان ہے

Marfat.com

بخشش اُمت کو سجدہ رات دن
شافعیء محشر خدا راضی ہوا
خوف کیا منکر نکیروں کا مجھے
نعت سے نورِ ہدیٰ راضی ہوا

## چوم آنکھوں سے اسمِ احمدؐ

چوم آنکھوں سے اسمِ احمدؐ
گر ہو نہ کرم تو پھر کہنا

پڑھ انؐ پہ درود پاک، ترا
رکھیں نہ بھرم تو پھر کہنا

پڑھ کلمہ سچے دل سے ملے
نہ باغِ ارم تو پھر کہنا

Marfat.com

تو رابعہ بصری بن تو سہی
ڈھونڈے نہ حرم تو پھر کہنا

کرم ہو گا پل نہ سفینے میں گزرے
اگر ماہِ رمضاں مدینے میں گزرے

صبا نے پسینے کی خیرات مانگی
مہکتے ہوئے جو پسینے میں گزرے

قطب غوث ابدال آنکھوں میں آنسو
لیے یاد آقاؐ کی سینے میں گزرے

نظامؔی اگر میرا ساقیؐ ہو آقاؐ
مری زندگی ساری پینے میں گزرے

Marfat.com

## کبھی رد کرے نبیؐ نہ

کبھی رد کرے نبیؐ نہ مری آرزو مدینہ
ساقی ترے کرم سے رہوں تشنہ لب کبھی نہ
مہکیں ہوائیں چھو کے آقاؐ ترا پسینہ
بہنے سے آنکھ میری فرقت میں رہ سکی نہ

## نظر ایاز کرتی ہے

نظر ایاز کرتی ہے غلامی ناز کرتی ہے
تری رحمت گناہوں کو نظر انداز کرتی ہے
ادا انجامِ جامیؒ کی مجھے آغاز کرتی ہے

Marfat.com

## دھڑکتی یادیں

دھڑکتی یادیں مجھے رُلا دیں
کسے کہوں میں اُنہیں بُلا دیں
بلائیں آقاؐ تو غم بُھلا دیں
سناؤں نعتیں جو در کھلا دیں
عطائی مصرعہ نپا تُلا دیں

## جاگے نصیب میرے

جاگے نصیب میرے آقاؐ قریب میرے
انعام مرض آیا گھر میں طبیب میرے
سن کر اذانِ رحمت برسات لگی ہونے
قاصد خوشی سے دل میں ہے نعت لگی رونے

Marfat.com

# رسائی ان تک نصیب کی ہے

رسائی ان تک نصیب کی ہے عطا یہ میرے حبیبؐ کی ہے
سفر کا مژدہ سنا ہے جب سے عجیب حالت غریب کی ہے
مریضِ فرقت علاج قربت یہ نبض دستِ طبیبؐ کی ہے
اثر رہے گا ساعتوں پہ زباں جو میرے خطیبؐ کی ہے
جہادِ اکبر نفس سے لڑنا توقع فتحِ قریب کی ہے
کسی نے پوچھا نظامی چٹھی کہا دیارِ حبیبؐ کی ہے

# کرم کی دھرتی حرم کی دھرتی

کرم کی دھرتی حرم کی دھرتی جہاں پہ ڈوبا نصیب ابھرے
عجب ہے بحرِ کریم جس میں سفینہ بن کے غریب ابھرے

لئے دل میں فرمان رب بڑھ رہی ہے حرم کو جبینِ ادب بڑھ رہی ہے
کبھی صبر غالب مقامِ کرم پر کبھی کشمکش میں طلب بڑھ رہی ہے

خوشی پروتا ہی جا رہا ہوں قریب ہوتا ہی جا رہا ہوں
مسامِ جاں میں درود پڑھتا ادب سموتا ہی جا رہا ہوں

Marfat.com

## غمِ فرقت کا کافور رہوا

غم فرقت کا کافور ہوا دم قربت کا مسرور ہوا
آنگن کا مقدر جاگ اٹھا روشن جو چراغِ نور ہوا
سرکارؐ نے کی حاجت پوری طیبہ کا سفر منظور ہوا

## وصال ہوں کہ فراق رنگ ہوں

وصال ہوں کہ فراق رنگ ہوں کہوں ابھی کیا کہ آپ دنگ ہوں
نظامی سے بے نیاز نہ ہو جو سنگ تیرے میں ان کے سنگ ہوں

## عاشق دارِ دستور چڑھے

عاشق دارِ دستور چڑھے سولی پہ کئی منصورؒ چڑھے
تو دستِ زلیخا تو یوسفؑ ہتھے تیرے مجبور چڑھے

## تلوؤں سے لبِ کافور نے پی

تلوؤں سے لبِ کافور نے پی چلمن سے کلیمؑ طور نے پی
آہوں کی صراحی سے ڈھلتی شب نے یوم عاشور نے پی
پیتا ہوں نظامی جس در سے شمسؒ بلھےؒ منصورؒ نے پی

Marfat.com

## خدا ہی تعریف جاں کرے گا

خدا ہی تعریف جاں کرے گا بجز خدا جو بیاں کرے گا
گمان ہو گا گماں کرے گا شعور نذرِ زباں کرے گا
محیط وہم و گماں کا بولو احاطہ کیسے گماں کرے گا
نکل کے شمع کی روشنی سے اجالا کیسے دھواں کرے گا

## جو خود ہے محتاج بحر و خور وہ

جو خود ہے محتاج بحر و خور وہ سخن کیا ابر رواں کرے گا
وہاں سے آگے جہانِ عظمت شرح تو جا کے جہاں کرے گا
کرم نظامی پہ انبیاء سا میں شمسِ عالمؐ ترا دیا سا

Marfat.com

## نظر پہ ظاہر ہے حال تیرا

نظر پہ ظاہر ہے حال تیرا چھپا ہے باطن کمال تیرا
طویل نسلوں کے سلسلے کو رہا مکمل خیال تیرا
ہوا نہ شعر و سخن میں پورا کسی سے باب جمال تیرا
مثال کیا دوں کہ ہے خدا کا جو آئینہ بے مثال تیرا
بروز محشر خدا ہی جانے یہ حشر ہے یا جلال تیرا
نظامی آقا کا معجزہ ہے ہوا نہ بیکا جو بال تیرا

شرح نبیؐ کی ہے کس کے بس میں نہ آب و گل میں نہ ذی نفس میں
ازل سے لے کے بروز محشر نہ اِس برس میں نہ اُس برس میں

## خدا ہے راز قدیم تیرا

خدا ہے راز قدیم تیرا الگ مقام علیمؑ تیرا
قسم خدا کی مقامِ و رتبے میں معترف ہے کلیمؑ تیرا
خدا مہرباں نظامی تجھ پہ نبیؐ رؤف و رحیم تیرا

## الف سے میم ہونا تھا

الف سے میم ہونا تھا اسے تقسیم ہونا تھا
حسینؑ ابن علیؑ اکبرؑ جگر دو نیم ہونا تھا
مقدم نور سے آدمؑ رہِ تعظیم ہونا تھا

Marfat.com

## لذت آشنا کر نہ ڈالے فنا

لذت آشنا کر نہ ڈالے فنا
یاد میں ہر گھڑی محو حمد و ثناء
مضطرب کہکشاں
نم کا تارہ ہوں میں
ہجر میں دل ہے یا
پارہ پارہ ہوں میں

## آنسوؤں میں چھپے دل کے حالات ہیں

آنسوؤں میں چھپے دل کے حالات ہیں
جانتے وہ مرے سب خیالات ہیں
لے جا دشت حرم بادِ موج کرم
صدیوں سے منتظر میرے ذرات ہیں

## انبیاءؑ میں الگ پور کے رنگ ہیں

انبیاءؑ میں الگ پور کے رنگ ہیں
شجر طیبہ کہیں طور کے رنگ ہیں
تابش مصطفیٰؐ آئینے میں خدا
کعبہ قوسین میں نور کے رنگ ہیں
چشمِ افکار کے زاویے دنگ ہیں

Marfat.com

## نظروں سے گرے کو تھام علیؑ

نظروں سے گرے کو تھام علیؑ
ہر مشکل کا حل نام علیؑ

دل بندے کا نگری اس کی
گلیوں میں بلند و بام علیؑ

بنتا ہے ولی صد حرفِ جلی
مانے جو ترے احکام علیؑ

Marfat.com

لبریز کلی ہے خوشبو سے
چھو کر بادِ احرام علیؑ

دیتا ہے نظامؔی حل کر کے
ہر مشکل میں انعام علی

تیرا ہی کرم مولودِ حرم
شمعِ روشن الہام علیؑ

برکت سے تری وردِ حیدرؑ
دشمن ہو مرا ناکامؔ علیؑ

فریاد رساں آنسو رقصاں
سُن میرا بھی پیغام علیؑ

نعرہ زن خون نظامؔی کا
بخشے نسلوں کو جام علیؑ

Marfat.com

# آئینہ رو برو درمیانِ خدا

آئینہ رو برو درمیانِ خدا
عرش پر جلوہ گر کعبہ قوسین تو

آ مدد کو مری میرے مولا علیؑ
شوہرِ فاطمہؑ پدر حسنینؑ تو

تو ہے مشکل کشا مشکلوں میں ہوں میں
راہِ پرخار پا آبلوں میں ہوں میں
گردشوں کے کئی مرحلوں میں ہوں میں

کس سے مانگوں کرم دل نے بولا علیؑ
آ مدد کو مری میرے مولا علیؑ

فقر ، فخرِ نبیؐ تو نبیؐ کا وصیؑ
سجتا تاج ولایت ہے سر پہ تیرے

تو ہے شاہِ نجفؑ جاؤں میں کس طرف

Marfat.com

سوچ کی کونج لائی ہے در پہ تیرے
وقت شہباز ہے میں ممولا علیؑ

آمدد کو مری میرے مولا علیؑ
فاتح خیبری قوت حیدریؑ

تو ہے حاجت روا میرے شیر خدا
مشکلیں دور کر میرے مُشکل کُشا

ہے نبیؐ پاک کا یہ مقولہ علیؑ
آ مدد کو مری میرے مولا علیؑ

تو کرم اللہ وجہہ ہے دست خدا
اہتمامِ جہاں بندوبستِ خدا

صدقہء پنجتنی کر مجھے بھی غنی
سگ گلی کا قلندرؒ ہے مستِ خُدا

Marfat.com

گردِ افلاس کا ہوں بگولہ علیؓ
تیرا گرویدہ ہوں غم میں تردیدہ ہوں

عظمت مرتضیٰؓ تیرا فہمیدہ ہوں
میں قصیدہ ہوں آلِ نبیؐ پاک کا

تیری اولاد کا عشق بولا علیؓ
آمد کو مری میرے مولا علیؓ

خوف منکر نکیروںؑ کا جاتا رہے
لکھ نظامی کفن پر گدائے علیؓ

آب و گل سے ہوں میں تیرا دل سے ہوں میں
قلبِ تاریک میں آ ضیائے علیؓ

جانِ نجم سحر ٹال مجھ سے قہر
تو بحر میں لہر تو ہے اولیٰ علیؓ
آمد کو مری میرے مولا علیؓ

Marfat.com

# تو سخی تو غنی لقب و القاب تو

تو سخی تو غنی لقب و القاب تو
علمِ شہر نبیؐ شہر کا باب تو
میرے مشکل کشا خوب تیری ادا
اپنی سرکارؐ میں وقف آداب تو
گھر خدا کے ولادت ہوئی ہے تری
گھر خدا کے شہادت ہوئی ہے تری

جو نبیؐ کو ملا ارمغانِ خدا
وہ نبیؐ سے ملا درمیانِ خدا
جوشِ کردار بھی تو ستر پوش بھی
بت شکن چومتا ہر قدم دوش بھی
سننا کہنا عبادت ہے نام علیؑ
دیکھتے رہنا چہرے کو خاموش بھی

عبادت کرا دینے والی محبت
علیؑ پاک کی ہے نرالی محبت
سخی ہے علیؑ تو سوالی محبت
نہیں ہونے دیتی ملالی محبت
کروں یاد خیبر شکن کی شجاعت
عطا ہو مجھے لازوالی محبت

کہتا ہے نبیؐ مولا
میں جس کا علیؑ مولا
گھر آئیں نظامیؔ کے
تو مہکے گلی مولا

Marfat.com

## نام لیوا علیؑ کا ولی ہے سنو

نام لیوا علیؑ کا ولی ہے سنو
جس کا احمدؐ ہے مولا علیؑ ہے سنو
وہ ہے مشکل کشا جس کے اذکار سے
ہر نگر دل معطر گلی ہے سنو
دولتِ عشق حاصل کرو منکرو
بات کرتا نظامی بھلی ہے سنو

دل ہے ظلمت کدہ ہو عطا روشنی
مرتضٰی احمدؐ مجتبیٰؑ روشنی
تیرگی شام کی شکل الہام کی
چشمِ عشاق مُشکل کشا روشنی
حشر کے دن نظامی پہ سایہ کرے
ذکرِ مولا علیؑ مرتضٰی روشنی

## یاد حیدر کو میرے نبیؐ نے کیا

یاد حیدرؑ کو میرے نبیؐ نے کیا
ذکرِ حیدر قلندر ولی نے کیا
آستان و جبیں مل کے ذکر علیؑ
شہر گاؤں نگر ہر گلی نے کیا
قلم و قرطاس حرفِ جلی نے کیا
مطمئیں قلب نے بے کلی نے کیا
مکتبِ عشق میں عالمِ زرق میں
تذکرہ خود علیؑ کا علیؑ نے کیا

Marfat.com

# در شان پاک بی بی پاک سیدہ فاطمۃ الزہرہؑ

تو مصطفیٰؐ کا پھول ہے نبیؐ کا ہر اصول ہے
تو فاطمہؑ بتولؑ ہے تو بنتِ رسولؐ ہے

سورج حیاء کرے ترا اے سیدہ اے طاہرہؑ
سجدہ ہے رات بھر ترا اے سیدہ اے عابدہؑ

رکھا خدا نے نام ہے بیٹیؑ اسیر شام ہے
حسنینؑ گل زینبؑ کلی شوہر ترا حیدر علیؑ
غم کربلا کی ڈھول ہے تو بنتِ رسولؐ ہے
روح الامیں نوکر ترا سب ساقیء کوثر ترا
حکمِ نبیؐ سے دوزخی دیدہ کرے جو تر ترا

آپؑ خاتون جنت ہیں سردار ہیں
بنتِ مصطفیٰؐ جانِ سرکارؐ ہیں

کعبہ توسین کا صدقہ حسنینؑ کا طیبہ طاہرہ بنتِ مصطفیٰؐ
تیری اولاد میں ہے غنی در غنی اور محتاج میں جان پر ہے بنی
ہے مری التجا بنتِ مصطفیٰؐ اونچا ابدال سے ہر سگِ پنجتنی

Marfat.com

## نبی کا نور عین ہے

نبیؐ کا نور عین ہے
تو مادرِ حسینؑ ہے

تو شانِ بے مثال ہے
عروجِ لازوال ہے

تیرا مقام آشنا
اللہ ہے یا رسولؐ ہے

تو فاطمہؑ بتول ہے
تو بنت رسولؐ ہے

زینبؑ علیؑ حسنؑ نبیؐ
شبیرؑ و فاطمہؑ سبھی

رُوحِ وجودِ پاک ہیں
یعنی درودِ پاک ہیں

سیدہ زاہدہ فاطمہؑ شان میں
لوحِ محفوظ میں پاک قرآن میں

Marfat.com

# پاک خاوند علی بیٹی زینب کلی

پاک خاوند علی بیٹی زینب کلی
پھول حسنین پسرانِ حیدر علی

جاؤں قُربان احمدﷺ کی تفصیل پر
حُسنِ تکمیل پر نورِ قندیل پر

ظلم کا خاتمہ نام ہے فاطمہ
تو ہے مخدوم خاتون ہر خادمہ

نام رب نے دیا سید الانبیاء
بولے روح الامینؑ تیرا ثانی نہیں

ہر طرف سے مبارک کی آئی صدا
مرحبا مصطفیٰؐ مرحبا مصطفیٰؐ

Marfat.com

# امام عالی مقام حسینؓ

امام عالی مقام تیرا سناں پہ زندہ کلام تیرا
لبوں پہ آہیں نگاہ میں نم دلوں میں ہے احترام تیرا
درود ہے یا خدا نے بھیجا حضور تیرے سلام تیرا
ترے ہی دم سے بچا ہوا ہے زمینِ حق پہ نظام تیرا
کربلا مقتل و رَسن ہے دار ہے
جھوٹ کے سامنے سچ کا کردار ہے
کفر خوار و زبوں ظلم ہے سرنگوں
سر پہ مظلوم کے عرش دَستار ہے
نسل در نسل مہکے گی انسانیت
خونِ حق سے اُگا شجرِ ایثار ہے
چشمِ تر ہے فلک خون ہے کہ شفق
دوش پر لاش اکبرؓ کی سرکارؓ ہے
رہنا ثابت قدم دورِ مشقِ ستم
اے نظامی ترا رب مددگار ہے

Marfat.com

درشانِ امام عالی مقام

## حضرت امام حسین علیہ السلام

ذکرِ حسینؑ سن لے — آنکھوں سے چین بُن لے
بغضِ حسینؑ نہ کر — تنقیدِ بین نہ کر
دل حق شناس کر لے — احمدؐ کا پاس کر لے
انصاف کا ترازو — غازی کے تول بازو
اصغرؑ کے حلق میں ہے — تیرِ ستم ترازو
نوکِ سناں پہ سر ہے — پھر شام کا سفر ہے
دارومدار دِیں کا — مولا حسینؑ پر ہے

Marfat.com

کوفی ہے تو نہ شامی چل راہِ مستقیمی
آنسو ترا نظامی پُرسہ دُرِ یتیمی
اے کربلا کے والی غم تیرا بے مثالی
آنسو خراجِ تحسین کردار ، لازوالی
ہر بے وطن کا میرے کرب و بلا وطن ہے
بانی ہے روحِ دیں کا تُو روح کا بدن ہے
جھولی میں بنِ حسنؑ ہے قاسمؑ کا ٹکڑے تن ہے
عالم کا بین سن کے میرا اداس من ہے
شیرِ خدا کا جایا جاں دے کے دیں بچایا
بھولے نہ حشر تک جو نام ایسا ہے کمایا
سبز قبا حسنؑ کی میت پہ تیر برسے
قربان میں نظامی طوقِ اسیر پر سے

Marfat.com

# حضرت سید سخی عباس حسین کاظمی الفاطمی

طواف کرنے جہان آیا جہانِ دل کو قرار آیا
یگانہ ہستی کے در پہ مجھ سا سوالی ہے بے شمار آیا

کر کرم جانِ حرم ابن مولودؑ ہے تو
نور آدم میں ترا بامِ محمود ہے تو
راحتِ دل کا سبب من میں موجود ہے تو
شمعِ بے دُود ہے تو

یار ہو کہ عدو گھات ہے چار سو شاطر زندگی مات ہے چار سو
کثرت و وحدتِ ذات ہے چار سو صُورتِ منقبت نعت ہے چار سو
تیرے مرہون ہے سلسلہ مہدیہ ہادیا کھول کر رازِ دل کہہ دیا
جب بھی مانگا نظامی سخی نے مجھے تحفہ خیرات کا تہہ در تہہ دیا

☆..........☆☆..........☆

Marfat.com

# حضرت سید عباس حُسین کاظمی الفاطمیؒ

چراغ در یتیم ہے تو عظیم تر سے عظیم ہے تو
جبین آدم میں نور تیرا ضیائے طور کلیم ہے تو

☆..........☆☆..........☆

صراط ہر مستقیم میں تو گلوں میں بادِ نسیم میں تو
مقیمِ دل کے مقیم میں تو جنوں میں عقلِ سلیم میں تو
نظامی کے التماس میں تو پریشاں خلقت کی آس میں تو
بقول اقبالؒ منتظر ہے مجاز کے اس لباس میں تو
بنام عباسؒ جام ساقی نظر سے گرتے کو تھام ساقی
بدل مقدر وگرنہ ہو گا ستارہ گردش کے نام ساقی
کہے نظامی بغیر تیرے
اداس لب دل کلام ساقی

Marfat.com

# سہرا داتا علی ہجویریؒ

داتا کے در پہ آنا جھولی کا پھیل جانا
کرتے ہوئے سخاوت داتاؒ کا مسکرانا
ممکن نہیں بتانا کہتا ہے یہ دِوانہ
عالم ترے کرم کا در پہ جبین خم کا
دیکھا ہے فیضِ عالم ہر تارکین غم کا
چوکھٹ پہ آشیانہ ممکن نہیں بتانا
مولا علیؑ کا صدقہ بخشو نبیؐ کا صدقہ
شہدائے کربلا کی تشنہ لبی کا صدقہ

Marfat.com

داتاؒ تیرا خزانہ دو ہاتھ سے لٹانا
ممکن نہیں بتانا

صدقہ معینؒ کا دے قطبؒ و فریدؒ کا دے
خسروؒ نظامؒ صابرؒ انعام دید کا دے
ہر عرس پہ بلانا داتا کرم کمانا
داتا کے در کا کھانا لازم ہے گیت گانا
بھوکوں کو مفلسوں کو وافر ہے آب و دانہ
مانگے نظامیؔ تیرا داتا نظر یگانہ
کیف و سرور دل کا ممکن نہیں بتانا

Marfat.com

